# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ قرآن وتفسیر)

کورس: علم الاخلاق (251)　　　　　　　　　　سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک

### بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | کتاب اخلاقیات | ایک عدد |
| 2۔ | عمومی رہنمائے طلبہ | ایک عدد |
| 3۔ | کتابیں | ایک عدد (یونٹ 1 تا 12) |
| 4۔ | امتحانی مشقیں | چار عدد |
| 5۔ | فارم برائے امتحانی مشق | چار سیٹ |
| 6۔ | اوقات نامہ | مشقی کام، تعلیمی اجتماعات |

نوٹ: اگر اس بستہ میں متذکرہ بالا میں سے کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ مراسلاتی خدمات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

ڈاکٹر ثناء اللہ

لیکچرار شعبہ قرآن وتفسیر

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ قرآن و تفسیر)

کورس: علم الاخلاق (251) — سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک

## خط برائے طلبہ (رہنمائے طلبہ)

عزیز طلباء و طالبات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کورس: اخلاقیات (کوڈ: 251) میں داخلہ لینے پر ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں۔ امید کرتے ہیں کہ آپ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لئے عرض ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لئے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی، پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی۔

یونیورسٹی کورس/مضمون کے مختلف ابواب کو یونٹس کہا جاتا ہے اور ایک یونٹ میں ایک ہفتے کا مطالعاتی مواد ہوتا ہے اس لئے ایک ہفتے میں ایک یونٹ کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ مطالعہ کے دوران اہم نکات اور اہم ضروری معلومات کو پنسل سے انڈر لائن کرلیں اور بہتر یہ ہے کہ ہر یونٹ کا خلاصہ اور اہم نکات نوٹ بک پر لکھ لیجئے۔ اس طرح معلومات جلد ذہن نشین ہو جائیں گی اور آپ کو بار بار یونٹ پڑھنے اور اسے یاد کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوگی، نیز مطالعہ یکسوئی اور توجہ سے پرسکون ماحول میں کیجئے۔

مطالعہ کے ساتھ ساتھ امتحانی مشقی کام کو پیش نظر رکھیے۔ مشقی کام مکمل کرنے کے بعد فارم برائے مشقی کام (تین عدد) پر کر لیجئے۔ ان فارموں پر اپنا نام، پتہ اور رول نمبر وغیرہ احتیاط سے لکھئے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیئے اس کے بعد امتحانی مشق مع فارم (پرت) مقررہ کورس ٹیوٹر کو مشقی کام بھیجنے کی آخری تاریخ سے پہلے ارسال کر دیجئے۔ جوابات چیک کرنے کے بعد آپ کو واپس بھیج دیں گے، مشقی کام نمبر 2 حل کرنے سے پہلے چیک شدہ امتحانی مشق اپنے سامنے رکھئے اور ان غلطیوں کو دہرانے سے احتراز کیجئے جن کی نشاندہی ٹیوٹر نے پہلے مشقی کام میں کی ہو، اس سے آپ کے دیگر امتحانی مشق کا معیار بہتر ہوگا اور آپ پہلے سے زیادہ نمبر حاصل کر سکیں گے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کورس آپ کے لئے مفید معلومات کا ذریعہ بنے گا اور آپ کی عملی زندگی میں معاون ثابت ہوگا۔

ڈاکٹر ثناء اللہ

لیکچرر، شعبہ قرآن و تفسیر

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ قرآن وتفسیر)

کورس: علم الاخلاق (251) — سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک — کل نمبر 100

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1۔ معاشرے کے لیے علم الاخلاق کی تعریف، ضرورت واہمیت پر نوٹ قلم بند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 2۔ علم الاخلاق کی تعریف، ضرورت واہمیت پر نوٹ قلم بند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 3۔ خاندانی اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر 4۔ علم الاخلاق اور عمرانیات کے مابین تعلق کو قلمبند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 5۔ انفرادی اخلاقیات کی ضرورت واہمیت بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 6۔ علم الاخلاق کے اثرات پر نوٹ قلمبند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 7۔ معاشی اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر 8۔ سیاسی اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر 9۔ اخلاق اور مذہب کے درمیان تعلق بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 10۔ معاشرتی اخلاقیات سے کیا مراد ہے؟ (10)

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1۔ بنیادی انسانی اقدار اور اخلاقیات کے درمیان تعلق کو قلمبند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 2۔ بنیادی اقدار میں کون سی چیزیں شامل ہیں؟ (10)

سوال نمبر 3۔ آزادی فکر و رائے سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 4۔ دیانت داری پر مختصر نوٹ کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 5۔ رواداری پر مختصر نوٹ قلم بند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 6۔ خودداری پر مختصر نوٹ قلم بند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 7۔ حقوق کی وضاحت کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 8۔ فرائض کی وضاحت کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 9۔ معاشی تحفظ سے کیا مراد ہے؟ (10)

سوال نمبر 10۔ معاشرتی تعلقات کی اہمیت پر نوٹ قلمبند کیجئے۔ (10)

## امتحانی مشق نمبر 3

سوال نمبر 1۔ فرد اور معاشرے کے درمیان تعلق پر نوٹ قلمبند کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 2۔ قانونی حقوق پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (10)

سوال نمبر 3۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر ایک جامع نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 4۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو جد الانبیاء کیوں کہتے ہیں؟ (10)

سوال نمبر 5۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام کون تھے؟ ایک جامع نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 6۔ سیدنا موسیٰ علیہ اسلام کی تعلیمات پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 7۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے اخلاق پر مختصر نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 8۔ Sermon of the mountain، پہاڑی وعظ سے کیا مراد ہے؟ اس واعظ کی اہمیت بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 9۔ فرعون مصر کو کس نے دعوت دی تھی؟ (10)

سوال نمبر 10۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی دعوتی زندگی پر ایک جامع نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

## امتحانی مشق نمبر 4

سوال نمبر 1۔ مہاتما گوتم بدھ کون تھے؟ کہاں پیدا ہوئے۔ (10)

سوال نمبر 2۔ مہاتما گوتم بدھ کی اخلاقی تعلیمات قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 3۔ زرتشت پر ایک جامع نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 4۔ زرتشت کی تعلیمات کے بارے میں نوٹ لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 5۔ شری کرشن جی کون تھے؟ (10)

سوال نمبر 6۔ لقمان حکیم کون تھے؟ (10)

سوال نمبر 7۔ بابا گورو نانک کون تھے؟ (10)

سوال نمبر 8۔ ابونصر الفارابی پر مختصر نوٹ قلم بند کریں۔ (10)

سوال نمبر 9۔ ڈاکٹر علامہ اقبال پر ایک نوٹ قلم بند کریں۔ ان کے چند اشعار بھی قلمبند کریں۔ (10)

سوال نمبر 10۔ افلاطون کا ایک قول قلمبند کریں۔ (10)

(10)